## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے جماعت اسلامی کے نائب امیر اور بزرگ سیاسی رہنما پروفیسر غفور احمد کی فون پر عیادت کی
## پروفیسر غفور احمد ان دنوں علیل ہیں اور گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تھی
## پروفیسر غفور احمد نے عیادت کیلئے فون کرنے اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو عیادت کیلئے بھیجنے پر الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا
## عوام پروفیسر غفور احمد کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔19 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اسلامی کے نائب امیر اور بزرگ سیاسی رہنما پروفیسر غفور احمد کی فون پر عیادت کی۔پروفیسر غفور احمد ان دنوں علیل ہیں اورگزشتہ روزان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تھی۔ جناب الطاف حسین نے آج پروفیسر غفور کوفون کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور انکی صحتیابی کیلئے دعا کی۔ پروفیسر غفور احمد نے عیادت کیلئے فون کرنے اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو انکی عیادت کیلئے بھیجنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پروفیسر غفور احمد کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، وسیم آفتاب اور نیک محمد کی پروفیسر غفور احمد سے ملاقات
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اوران کی خیریت دریافت کی

کراچی۔۔۔19 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، وسیم آفتاب اور نیک محمد نے جمعہ کے روز جماعت اسلامی کے بزرگ رہنماء پروفیسر غفور احمد سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اس موقع پر ان کے ہمراہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی ندیم مقبول اور ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی بھی موجود تھے۔اراکین رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی، نیک تمناؤں کا اظہار کیا اوران کو قائد تحریک کی جانب سے گلدستہ پیش کیا۔اس موقع پر پروفیسر غفور احمد نے رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات

کراچی۔۔۔19 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور قومی اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی لیڈر حیدر عباس رضوی اور جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان ایک ملاقات جمعہ کی شب ہوئی۔ جمعیت علماء اسلام (ف) کے مرکزی رہنماء قاری عثمان کی رہائشگاہ پر ہونے والے اس ملاقات میں جمعیت علماء اسلام (ف) کے دیگر رہنماء مولانا عبدالکریم عابد، قاری شیر افضل اور اسلم غوری کے علاوہ دیگر رہنماء بھی موجود تھے۔یہ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی جہاں ان رہنماؤں نے باہمی دلچسپی امور کے علاوہ ملک کی سیاسی صورتحال اور دہشتگردی کیخلاف جاری جنگ پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اس ملاقات میں مولانا فضل الرحمان کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔ملاقات کے بعد اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت کے فروغ اور ملک کے استحکام کیلئے ساری سیاسی جماعتوں کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنا چاہتی ہے یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔مولانا فضل الرحمان سے ہونے والی یہ ملاقات بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم نے طے کیا ہے کہ ملک کے بنیادی اور دیرینہ مسائل کے حل کیلئے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھیں گے تمام مسائل مشترکہ حکمت عملی سے ہی حل کیے جاسکتے ہیں بصورت دیگر ان کا حل اتنا آسان نہیں ہوگا۔ہم سمجھتے ہیں کہ مشترکہ فیصلوں کے نتائج کی ذمہ داری بھی مشترکہ ہوتی ہے۔ہم مستقبل میں بھی ملاقاتوں کے ذریعے فیصلہ سازی کے عمل کو مزید بہتر اور آسان بنائیں گے۔ملک اس وقت کسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا اور قائد تحریک کی خواہش ہے کہ ملک کے تمام تر مسائل مفاہمانہ طرز عمل اور مذاکرات کے ذریعے حل کیے جائیں۔ایم کیوایم اپنی اسی پالیسی پر گامزن ہے۔

## الطاف حسین صرف متحدہ کے قائد نہیں بلکہ وہ ہمارے بھی قائد ہیں، غوث بخش مہر

## مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر غوث بخش مہر سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی ملاقات

کراچی۔۔۔19فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، وسیم آفتاب اور نیک محمد نے جمعہ کے روز مسلم لیگ (ق) سندھ کے صوبائی صدر غوث بخش مہر سے ملاقات کی اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر مسلم لیگ (ق) سندھ کے جنرل سیکریٹری حلیم عادل شیخ اور کراچی ڈویژن کے صدر بوہستان علی ہوتی بھی موجود تھے۔مسلم لیگ (ق) کے صوبائی سیکریٹریٹ میں ہونے والی ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں دونوں جماعتوں کی جانب سے باہمی رابطوں پر بھی زور دیا گیا۔بعدازاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا کہ جمہوریت کے استحکام کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ ملکر چلنا ہوگا، مسلم لیگ (ق) سے متحدہ قومی موومنٹ کا دوستی کا رشتہ بہت پرانا ہے یہ رشتہ دونوں پارٹیوں کے قائدین کے درمیان بھی مضبوطی کی طرح موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ملکی سلامتی کیلئے جو بھی فیصلہ ہو اس پر مزید بات چیت جاری رکھی جائے گی۔اس موقع پر غوث بخش مہر نے رابطہ کمیٹی کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ الطاف حسین صرف متحدہ قومی موومنٹ کے قائد نہیں بلکہ وہ ہمارے بھی قائد ہیں اور ہم ان کے ساتھ ملکر جمہوری اداروں کو مضبوط کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے وفد کے ہمراہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر ندیم مقبول اور ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی بھی تھے۔

## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی منہ بولی والدہ مرحومہ آل فاطمہ رضوی کے سوئم کے سلسلے میں ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی کی گئی

## قرآن خوانی میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ، یوکے یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اور انکے اہل خانہ کی شرکت

لندن۔۔۔19 فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی والدہ محترمہ آل فاطمہ رضوی کے سوئم کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی کی گئی۔قرآن خوانی میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ، یوکے یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اوران کے اہل خانہ نے شرکت کی۔قرآن خوانی کے بعد فاتحہ خوانی کی گئی۔حافظ مسرور احمد نے فاتحہ خوانی کرائی۔مرحومہ آل فاطمہ رضوی اور ایم کیو ایم کے شہید کارکنوں کو خراج عقیدت پیش کیا اوران کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی گئی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے تایا سید دلشاد حسین کاظمی کی صحتیابی کیلئے بھی دعا کی جوان دنوں سخت علیل ہیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا

## لندن میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں نوجوانوں نے رکنیت سازی کے فارم پر کئے

## 21،فروری کو برطانیہ کے شہر برمنگھم، کوونٹری، مانچسٹر اور شیفیلڈ میں رکنیت سازی مہم شروع کی جائے گی

لندن۔۔۔19،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم برطانیہ کے یونٹ آفس واقع برنٹ اوک اور لندن کے مختلف علاقوں میں ممبرشپ فارم تقسیم کئے گئے۔رکنیت سازی مہم میں ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد نوجوانوں نے حصہ لیا اور رکنیت سازی کے فارم تقسیم کئے۔اس موقع پر لندن میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں نوجوانوں نے رکنیت سازی کے فارم پر کئے۔دریں اثناء مورخہ 21،فروری بروز اتوار کو برطانیہ کے شہر برمنگھم، کوونٹری، مانچسٹر اور شیفیلڈ میں رکنیت سازی مہم شروع کی جائے گی ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے نوجوان نسل کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے تاکہ ملک کو درپیش سنگین بحرانوں سے نجات دلائی جاسکے۔انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے شہروں میں رکنیت سازی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے دوست احباب کو اس مہم سے آگاہ کریں۔

## بجلی کے نئے نرخ میں اضافے کی اطلاعات عوام کو زندہ در گور کرنے کے مترادف ہے، حق پرست ارکان اسمبلی

کراچی۔۔۔19فروری2010ء

حق پرست ارکان اسمبلی نے بجلی کے نرخوں میں ایک بار پھر اضافے کے فیصلے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس اقدام کو عوام پر مزید بوجھ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں ارکان اسمبلی نے کہا کہ عوام روزمرہ استعمال کی اشیاء میں اضافے اور مہنگائی تلے پہلے ہی دبے ہوئے ہوئے ہیں جبکہ ایک بار پھر بجلی کے نرخ میں اضافے کی اطلاعات عوام کو زندہ در گور کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول، ڈیزل، سی این جی، گیس اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث پہلے ہی ملک کی معاشی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اور ایسے موقع پر بجلی کے نرخ میں ایک بار پر پھر اضافہ دراصل عوام دشمن اقدام ہے۔ارکان اسمبلی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے نرخ میں اضافہ کی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایسے کسی بھی اقدام سے گریز کیا جائے جس سے عوام ذہنی کوفت میں مبتلاں ہوں، معاشی سرگرمیاں مزید متاثر ہوں۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔19،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 60 کے کارکن ماجد کی والدہ محترمہ ممتاز بیگم، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن قمر ظہور کی والدہ محترمہ افروزی بیگم ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے شہید کارکن عتیق کے والد محمد رفیق انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆